علم کیا ہے؟ علم کی حقیقت کیا ہے؟ علم نام ہے اس حقیقت سے آشنا ہونے کا کہ انسان کا مقصد تخلیق کیا ہے؟ کائنات میں اس کا مقام کیا ہے؟ خالق کائنات سے اس کا تعلق کیا ہے؟ پھر علم نام ہے یہ جان لینے کا کہ انسان کا مقصد تخلیق پورا کرنے کے تقاضے کیا ہیں آداب کیا ہیں' وسائل و ذرائع کیا ہیں' کائنات میں انسان کا جو مقام ہے اس کے تقاضے کیا ہیں اور خالق کائنات سے انسان کا جو رشتہ ہے اس رشتہ کو مستحکم کرنے کی صورت کیا ہے؟

اس کے بغیر جو کچھ بھی ہے وہ علم نہیں معلومات ہیں۔ سعدیؒ نے ایک مصرعہ میں ایک کتاب سمو کے رکھ دی ہے

"علمے کہ راہ حق نہ نماید جہالت است"

لیجئے ہم نے جسے معلومات کہا تھا سعدیؒ اسے اتنا کچھ ماننے کے لئے تیار نہیں وہ اسے جہالت کہتے ہیں۔ ہمارے ہاں جو تعلیمی نظام رائج ہے وہ لارڈ میکالے کا وہ کافرانہ نظام تعلیم ہے جو انگریزی حکومت کے لئے کلرک تیار کرنے کی غرض سے بنایا گیا تھا یہ نظام صرف کافرانہ نہیں بلکہ غلامانہ بھی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ انسان اور خالص انسان سے باغیانہ بھی ہے۔ اس نظام کے متعلق ترجمان حقیقت نے نہایت دھیمے لہجے میں جو کہا تھا وہ اہل دل کے لئے ایک مکمل کتاب ہے۔ فرمایا

شکایت ہے مجھے یارب خداوندان مکتب سے
سبق شاہیں بچوں کو دے رہے ہیں خاکبازی کا

وہ علم جو اس کافرانہ نظام تعلیم میں دیا جاتا ہے اس کے متعلق لکھتے ہیں۔

من آں علم و فراست باپر کا ہے نہ می گیرم
کہ از تیغ و سپر بیگانہ سازد مرد غازی را

اس دہشت گردی میں ایک دانشورانہ فنکاری سے کام لیتے ہوئے یہ کہا گیا کہ اسلامی جمہوریہ کے نظام تعلیم میں اسلامیات کا مضمون شامل کردیا کہ لو دیکھو اب یہ اسلامی نظام تعلیم بن گیا ہے۔ مگر جاننے والے جانتے ہیں کہ اس کی حیثیت بالکل وہی ہے جیسے آٹا پینے والی مشین میں ایک پرزہ ہوائی جہاز کا لگادو۔ نتیجہ کیا ہوگا یہی کہ وہ مشین نہ اڑ سکے گی نہ آٹا پیسے گی ایک عارف نے کیا خوب کہا ہے۔

نئی تہذیب میں بھی مذہبی تعلیم شامل ہے
مگر یونہی کہ جیسے آب زمزم مے میں داخل ہے

نتیجہ یہ ہے کہ پڑھے لکھے جاہلوں اور اللہ و رسول کے باغیوں کی کھیپ ہر سال مارکیٹ میں آرہی ہے۔ مگر ان کی مارکیٹ ویلیو کیا ہے یہی کہ مجرموں اور فساق و فجار کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔ ایسے لوگ پیدا ہورہے ہیں جو نہ کسی مضبوط سیرت کے مالک ہیں نہ انہیں اپنی ذمہ داریوں کا احساس ہے۔ جمہوریت کی زبان میں یوں کہئے کہ بس لوٹنے ہی لوٹنے ہیں اور بے پیندے کے لوٹے ہیں۔ انسان ڈھونڈے سے نہیں ملتا۔ ○

بقیہ: قادیانی مقدمہ

بہر حال ہمارے مدعا علیہ مرزا غلام احمد قادیانی کا یہ مشورہ کہ:

" تم نے تیرہ سو برس سے یہ نسخہ استعمال کیا کہ حضرت عیسٰی کو زندہ آسمان پر بٹھایا مگر اب دوسرا نسخہ ہم بتاتے ہیں وہ استعمال کر کے دیکھو اور وہ یہ ہے کہ حضرت عیسٰی کو وفات شدہ مان لو"۔

(ملفوظات ص ۴۰۰ ج ۱۰)

کسی مسلمان کے لئے لائق التفات نہیں ہو سکتا' کیونکہ کسی مسلمان کے لئے یہ ممکن نہیں کہ وہ اسلام کے متواتر و مسلسل عقیدہ کو بدل ڈالنے کی جرات کرے۔ اور جو شخص ایسی جرات کرے وہ مسلمان نہیں' بلکہ اسلام کا دشمن ہے۔

بقیہ: اقلیتیں

ڈائریکٹر ایڈمن جی اے ہاشمی قادیانی ہیں۔ نیپاک میں گریڈ ۲۰ کے خلافت احمد قادیانی ہیں' گریڈ ۲۰ کے محمود مجیب اصغر اور میاں نور محمود دونوں قادیانی ہیں' گریڈ ۱۹ کے جہانگیر ستفا' این ایس پائیل اور زوبن ڈی کو پر تینوں پارسی ہیں' گریڈ ۱۹ کے ابراہیم نصر اللہ درانی اور محمد منیر دونوں قادیانی ہیں' گریڈ ۱۸ کے نسیم اشتیاق بھائی ہیں۔ گریڈ ۱۸ کے راجیش کمار ہندو' منیر الدین قادیانی اور مظفر احمد قادیانی ہیں' گریڈ ۱۷ کے نعمان روسی جارج عیسائی' دریا رام ہندو' کشور کمار ہندو' مہیش کمار چودھری ہندو' نرنجان کمار ہندو' پرکاش ہندو اور بشارت احمد قادیانی شامل ہیں۔

بشکریہ: روزنامہ خبریں لاہور

امت پر مصائب اور پریشانیوں کی ایک وجہ

رقص و موسیقی

حافظ عبدالستار واحدی

گانا بجانا' ناچنا' رقص و سرود اور موسیقی وغیرہ اسلام میں سب ناجائز اور حرام ہیں قرآن کریم میں کئی مقامات پر اس کے بارے میں ہدایت و رہنمائی ملتی ہے۔

سورۃ لقمان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

"بعض لوگ ایسے ہیں جو ان باتوں کے خریدار ہیں جو اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل کرنے والی ہیں تاکہ بے سمجھے بوجھے اللہ کی راہ سے بھٹکائیں اور اس راہ کی ہنسی اڑائیں' ایسے لوگوں کے لئے ذلت کا عذاب ہے۔"

(لقمان ۶)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ "لھوالحدیث" کی تعریف فرماتے ہیں کہ گانا اور اسی قسم کی چیزیں لہو الحدیث ہیں۔

روح المعانی میں بیہقی' ابوعثمان اللیثی کی روایت ہے۔

"غنا حیا کو کم کرتا ہے شہوت میں اضافہ کرتا ہے۔ مروت اور اخلاق کو تباہ کرتا ہے۔"

سورۃ بنی اسرائیل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

"ان میں سے جس پر تو قابو پائے اسے اپنی آواز کے ذریعہ راہ راست سے ہٹادے۔"

(بنی اسرائیل ۶۴)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے قول میں بصوتک سے مراد ہر وہ چیز ہے جو گناہ اور نافرمانی کی طرف بلائے۔

علامہ ابن قیم لکھتے ہیں "اور یہ بات معلوم ہے کہ گناہ کی طرف بلانے والی چیزوں میں سب سے بڑھ کر گانا ہے اور اسی وجہ سے شیطان کی آواز کی تفسیر گانے سے کی گئی ہے۔"

اس سے معلوم ہوا کہ گانا بجانا راہ راست سے ہٹانے کے لئے شیطان کے ہتھیاروں میں سے ایک ہتھیار ہے جس کے ذریعہ سے وہ لوگوں کو سیدھے راستے سے بھٹکا کر غلط راستے پر ڈالتا ہے۔

سورۃ نجم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کیا تمہیں اس بات سے تعجب ہوتا ہے کیا تمہیں اس بات سے تعجب ہوتا ہے اور ہنستے ہو اور روتے نہیں اور تم کھلاڑیوں کرتے ہیں۔

(نجم ۵۹۔۶۰۔۶۱)

آیت مذکورہ کی تشریح میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ مشرکین جب قرآن سنتے تو اس سے بیزاری ظاہر کرنے کے لئے گانا شروع کر دیتے۔

غنا' رقص' ناچ گانے کے سلسلہ میں نبی پاک ﷺ کے چند ارشادات حسب ذیل ہیں۔

حضرت ابومالک اشعریؓ نے بتایا کہ انھوں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب میری امت میں ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو زنا' ریشم' شراب اور باجوں کو حلال سمجھیں گے اور ایک روایت میں یہ الفاظ مروی ہیں کہ عنقریب میری امت کے کچھ لوگ شراب پئیں گے اور اس کا نام بدل دیں گے اور ان کے سروں پر ناچ گانے ہوں گے اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو زمین میں دھنسادے گا۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک رات کسی شخص کے گانے کی آواز سنی تو آپ نے تین مرتبہ فرمایا اس کی نماز مقبول نہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا گانا باجا سننا معصیت ہے اس کے لئے بیٹھنا فسق ہے اور اس سے لطف اندوزی کفر ہے۔

(ردالمختار)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں بانسریاں (آلات موسیقی) توڑنے کے لئے بھیجا گیا ہوں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ گانے باجے سننے سے بچو اس لئے کہ دل میں اس طرح نفاق پیدا کرتا ہے کہ جس طرح پانی کھیتی اگاتا ہے۔ (بیہقی)

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص گانا سنتا ہے اسے جنت میں روحانیوں کی آواز سننے کی اجازت نہ ہوگی۔ کنز العمال میں یہ اضافہ ہے کہ آپ سے پوچھا گیا وہ روحانیوں سے کون لوگ مراد ہیں آپ نے فرمایا وہ جنت کے قراء ہیں۔

ہم مسلمانوں کے لئے سوچنے کا مقام ہے جس چیز کو اللہ پاک نے حرام کیا اللہ کے رسول نے حرام کیا آج اس کے کس قدر دلدادہ ہیں آج کوئی گھر ایسا نہیں جس سے ناچ گانے کی آوازیں نہ آتی ہوں۔ کوئی ہوٹل ریستوران اس سے خالی نہیں۔ حتیٰ کہ پبلک ٹرانسپورٹ کی کوئی گاڑی ایسی نہیں جس میں گانے نہ بجتے ہوں۔ خوشی کی تقریب ہو یا صرف وقت گزاری کے لئے کچھ دیر بیٹھنا ہو۔ آج موسیقی سے دل لبھایا نظر آتا ہے یہاں تک کہ یہ لعنت تعلیمی اداروں میں بھی موجود ہے حالانکہ یہ ادارے نونہالان قوم کی تربیت کے ذمے دار ہیں ٹی وی ریڈیو کا پوچھنا ہی کیا ان کا وجود ہی موسیقی کی اشاعت و ترویج کے لئے ہے۔ کاش ہم اس بات کو سمجھیں کہ اس میں ہمارا نقصان کتنا ہے۔ آج بحیثیت امت ہم جن مصیبتوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہیں اس کی ایک بڑی وجہ اس قسم کی بداعمالیاں ہیں جن سے بچنا تو درکنار بچنے کے لئے سوچنے کو تیار نہیں۔ بلکہ اب تو اس امت میں ایسے لوگ بھی پیدا ہوگئے ہیں جو موسیقی کو روح کی غذا کہنے لگے ہیں (توبہ نعوذ باللہ) حالانکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب میری امت میں یہ برائیاں پیدا ہو جائیں گی تو ان پر مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑیں گے۔

○ جب سرکاری مال ذاتی ملکیت بنالیا جائے گا۔

○ امانت کو مال غنیمت سمجھا جانے لگے گا۔

○ آدمی دوستوں سے تو بھلائی کرے گا لیکن باپ پر ظلم و ستم کرنے لگے گا۔

○ مساجد میں شور و غل برپا کیا جانے لگے گا۔

○ نااہل رہنمائی کا منصب ہتھیالیں گے۔

○ آدمی کی عزت اس کی شرارت کی وجہ سے کی جائے گی۔

○ نشہ آور چیزوں کا استعمال ہو جائے گا۔

○ بزرگوں پر لعن طعن اور زبان درازی کی جانے لگے گی۔

○ جب یہ سب کچھ ہونے لگے گا تو لوگوں کو چاہئے کہ ہر وقت قہر الٰہی کے منتظر رہیں خواہ وہ سرخ آندھی یا زلزلہ کی صورت میں آئے یا صورتیں مسخ ہو جانے کی صورت میں۔

••

جبار کارپیٹس
ڈیلرز
زینت کارپٹ • مون لائٹ • پاک پنجاب کارپٹ
یونائیٹڈ کارپٹ • وینس کارپٹ • اولمپیا کارپٹ
PH:6646888-6647655
FAX:092-21-521503
مساجد کیلئے خاص رعائت
سہ، این آر ایونیو نزد جبری پوسٹ آفس بلاک سی
برکات حیدری نارتھ ناظم آباد

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی

مرزا غلام احمد قادیانی کا مقدمہ

اہلِ عقل و انصاف کی عدالت میں

فصل دوم

حیات عیسیٰ علیہ السلام کا ثبوت احادیث نبوی سے!

مدعا علیہ مرزا غلام احمد قادیانی یہ بھی تسلیم کرتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے آثار مرویہ سے حیات عیسیٰ علیہ السلام کا عقیدہ ثابت ہے‘ اس لئے اپنے نبی کے آثار مرویہ کی پیروی کرتے ہوئے وہ بھی ایک زمانے میں یہی عقیدہ رکھتا تھا۔ معزز عدالت‘ مدعا علیہ کا مندرجہ ذیل بیان بغور ملاحظہ فرمائے:

”میں نے براہین میں جو کچھ مسیح ابن مریم کے دوبارہ دنیا میں آنے کا ذکر لکھا ہے وہ ذکر صرف ایک مشہور عقیدہ کے لحاظ سے ہے جس کی طرف آج کل ہمارے مسلمان بھائیوں کے خیالات جھکے ہوئے ہیں‘ سو اسی ظاہری اعتقاد کے لحاظ سے میں نے لکھ دیا تھا کہ میں صرف مثیل موعود ہوں اور میری خلافت صرف روحانی خلافت ہے‘ لیکن جب مسیح آئے گا تو اس کی ظاہری اور جسمانی طور پر خلافت ہوگی‘ یہ بیان جو براہین میں درج ہوچکا ہے صرف اس سرسری پیروی کی وجہ سے ہے‘ جو ملہم کو قبل از انکشاف اصل حقیقت اپنے نبی کے آثار مرویہ کے لحاظ سے لازم ہے۔“

(ازالہ اوہام ص ۸۳ طبع پنجم (روحانی خزائن ص ۱۹۶ ج ۳)

مدعا علیہ کے مندرجہ بالا اقتباس سے چند باتیں معلوم ہوئیں:

اول: مسلمانوں کا مشہور عقیدہ یہی چلا آتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں اور وہ بنفس نفیس تشریف لائیں گے۔

دوم مدعا علیہ اقرار کرتا ہے کہ میں نے براہین میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تشریف لانے اور ظاہری و جسمانی خلافت پر فائز ہونے کا عقیدہ درج کیا ہے۔

سوم: جب تک مدعا علیہ پر بذریعہ الہام براہ راست الہامی انکشاف نہیں ہوا تھا تب تک اس کا عقیدہ بھی اپنے نبی کے آثار مرویہ کی ”سرسری پیروی“ میں یہی تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں اور وہی بنفس نفیس تشریف لاکر خلافت پر فائز ہوں گے۔

اس عبارت سے واضح ہے کہ مدعا علیہ جس شخصیت کو اس وقت اپنا نبی کہتا تھا‘ یعنی آنحضرت ﷺ‘ ان کے آثار مرویہ اور احادیث طیبہ میں حضرت مسیح علیہ السلام کی حیات و نزول کا مسئلہ ذکر فرمایا گیا ہے‘ جس کی پیروی ہر اس شخص پر لازم ہے جو اپنے کو نبی کا امتی مانتا ہو۔ چنانچہ مدعا علیہ بھی جب تک آنحضرت ﷺ کو واجب الاتباع سمجھتا رہا‘ آپ‘ کے ارشادات کے مطابق حضرت مسیح علیہ السلام کی حیات و نزول کا معتقد رہا۔

فصل سوم

حیات عیسیٰ علیہ السلام کا ثبوت اجماع امت سے

مدعا علیہ یہ بھی تسلیم کرتا ہے کہ تیرہ صدیوں سے ”نسلاً بعد نسل اور قرناً بعد قرن“ مسلمانوں کا یہی عقیدہ چلا آتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں اور کسی زمانہ میں وہ خود دوبارہ تشریف لائیں گے۔ گویا مدعا علیہ مرزا غلام احمد کو اقرار ہے کہ ہمیشہ سے مسلمانوں کا اجماعی اور متواتر عقیدہ یہی رہا ہے جو عقیدہ کہ آج امت اسلامیہ کا ہے۔ معزز عدالت‘ مدعا علیہ کی حسب ذیل تصریحات بغور ملاحظہ فرمائے:

○ ”ایک دفعہ ہم دلی میں گئے تھے ہم نے وہاں کے لوگوں سے کہا کہ تم نے تیرہ سو برس سے یہ نسخہ استعمال کیا کہ حضرت عیسیٰ کو زندہ آسمان پر بٹھایا۔ مگر اب دوسرا نسخہ ہم بتاتے ہیں دو

استعمال کر کے دیکھو اور وہ یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ کو ....وفات شدہ مان لو"
(ملفوظات جلد دہم ص ۳۰۰ مطبوعہ ربوہ)

○ "مسیح بن مریم (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کے آنے کی پیش گوئی ایک اول درجہ کی پیش گوئی ہے جس کو سب نے بالاتفاق قبول کرلیا ہے اور جس قدر صحاح میں پیش گوئیاں لکھی گئی ہیں کوئی پیشگوئی اس کے ہم پہلو اور ہم وزن ثابت نہیں ہوتی' تواتر کا اول درجہ اس کو حاصل ہے' انجیل بھی اس کی مصدق ہے' اب اس قدر ثبوت پر پانی پھیرنا اور یہ کہنا کہ یہ تمام حدیثیں موضوع ہیں' درحقیقت ان لوگوں کا کام ہے جن کو خداتعالیٰ نے بصیرت دینی اور حق شناسی سے کچھ بھی بخرہ اور حصہ نہیں دیا گیا"

○ "مسیح موعود (عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری) کے بارے میں جو احادیث میں پیش گوئی ہے وہ ایسی نہیں کہ جس کو صرف ائمہ حدیث نے چند روایتوں کی بنا پر لکھا ہو بس۔ بلکہ یہ ثابت ہوگیا ہے کہ یہ پیش گوئی عقیدہ کے طور پر ابتداء سے مسلمانوں کے رگ و ریشہ میں داخل چلی آتی ہے' گویا جس قدر اس وقت روئے زمین پر مسلمان تھے اسی قدر اس پیش گوئی کی صحت پر شہادتیں موجود تھیں' کیونکہ عقیدہ کے طور پر وہ اس کو ابتدا سے یاد کرتے چلے آتے تھے۔"
(شہادت القرآن ص ۸۔ خزائن ص ۳۰۴ ج ۶)

○ "اس امر سے کسی کو بھی انکار نہیں کہ احادیث میں مسیح موعود (عیسیٰ بن مریم کے دوبارہ آنے) کی کھلی پیش گوئی موجود ہے بلکہ قریباً" تمام مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ احادیث کی رو سے ضرور ایک شخص آنے والا ہے جس کا نام عیسیٰ بن مریم ہوگا"۔
(شہادت القرآن ص ۲۔ روحانی خزائن ص ۲۹۸ ج ۶)

○ "یہ خبر مسیح موعود (عیسیٰ علیہ السلام) کے آنے کی اس قدر زور کے ساتھ ہر ایک زمانہ میں پھیلی ہوئی معلوم ہوتی ہے کہ اس سے بڑھ کر کوئی جہالت نہیں ہوگی کہ اس کے تواتر سے انکار کیاجائے۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اگر اسلام کی وہ کتابیں جن کی روسے یہ خبر سلسلہ وار شائع ہوتی چلی آئی ہے' صدی وار مرتب کر کے اکٹھی کی جائیں تو ایسی کتابیں ہزارہا سے کچھ کم نہیں ہوں گی"۔
(شہادت القرآن ص ۲۔ خزائن ص ۲۹۸ ج ۶)

○ مدعا علیہ مرزا غلام احمد قادیانی کی ان تصریحات سے واضح ہوا کہ:

○ تیرہ سو سال سے مسلمانوں کا یہی عقیدہ چلا آتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر زندہ ہیں۔ واضح رہے کہ آنحضرت ﷺ کی ہجرت سے مرزا غلام احمد کے دعویٰ مسیحیت تک تیرہ صدیاں ہی گذری تھیں۔

○ مسلمان ابا" عن جد یہی عقیدہ سکھاتے چلے آئے ہیں اور یہ عقیدہ ہمیشہ سے ان کے رگ و ریشہ میں داخل رہا ہے۔

○ مسلمانوں کا یہ عقیدہ ان ارشادات نبویہ پر مبنی ہے جن کو تواتر کا اول درجہ حاصل ہے۔

○ تیرہ صدیوں کے کل مسلمان اور ان کا ہر ہر فرد اس عقیدے کی صحت کا گواہ رہا ہے۔

○ یہ عقیدہ علم عقائد وغیرہ کی ہزارہا اسلامی کتابوں میں صدی وار اشاعت پذیر ہوتا رہا ہے۔

○ ایسے متواتر عقیدہ سے انکار کردینا یا اس میں شک و شبہ کا اظہار کرنا سب سے بڑھ کر جہالت اور بصیرت دینی اور حق شناسی سے یکسر محرومی کی علامت ہے۔

○ یہاں مدعا علیہ کے الہامی فرزند اور اس کے خلیفہ دوم مرزا کی شہادت بھی پیش کرنا چاہتا ہوں' وہ لکھتے ہیں:

"پچھلی صدیوں میں قریباً" سب دنیا کے مسلمانوں میں مسیح کے زندہ ہونے پر ایمان رکھا جاتا ہے اور بڑے بڑے بزرگ اس عقیدہ پر فوت ہوئے۔ حضرت مسیح موعود (غلام احمد مدعاعلیہ) سے پہلے جس قدر اولیاء صلحاء گزرے ان میں ایک بڑا گروہ عام عقیدہ کے ماتحت حضرت مسیح علیہ السلام کو زندہ خیال کرتا تھا۔"

(صرف بڑا گروہ نہیں بلکہ بلا استثناء امت اسلامیہ کے ایک ایک فرد کا یہی عقیدہ رہا ہے۔ ناقل")
(حقیقت النبوۃ مصنفہ مرزا محمود ص ۱۴۲)

○ نیز اس ضمن میں لاہوری گروپ کے امیر اور مرزا غلام احمد قادیانی کے پر جوش مرید مسٹر محمد علی ایم اے کی شہادت بھی ملاحظہ فرمائی جائے:

"بانی فرقہ احمدیہ (مرزا غلام احمد قادیانی) نے پچاس یا اس سے بھی زیادہ کتابیں پبلک میں شائع کی ہیں' جن تمام میں یا ان میں سے بہت سی کتابوں میں اس نے جہاد کے قطعاً" حرام ہونے اور خونی مہدی کے عقائد کے جھوٹے ہونے پر زور دیا ہے۔ اگر کوئی خاص اصول احمدیہ فرقہ کا سب سے بڑا قرار دیا جاسکتا ہے تو وہ دو متذکرہ بالا خطرناک اصولوں کی' جو تیرہ صدیوں سے مسلمانوں میں چلے آتے تھے بیخ کنی کرنا ہے"۔

(ریویو آف ریلیجنز جلد ۳ شمارہ ۳ ص ۹۰ بابت ماہ مارچ ۱۹۰۴ء)

مندرجہ بالا حوالوں میں مدعا علیہ اور اس کے حواریوں کے اعتراف سے ثابت ہوچکا ہے کہ تیرہ سو سال سے ابا" عن جد مسلمانوں کا یہی عقیدہ چلا آتا ہے کہ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر زندہ ہیں اور آخری زمانے میں وہی دوبارہ تشریف لائیں گے' لیکن مدعا علیہ تیرہ سو سال بعد امت اسلامیہ کو مشورہ دیتا ہے کہ وہ ایک متواتر اسلامی عقیدے کو خیر باد کہہ کر ایک نیا نسخہ آزمائے' جو خود مدعا علیہ نے تجویز کیا ہے' یا بقول اس کے اس پر منکشف ہوا ہے۔

یہاں میں معزز عدالت کو اس قانونی نکتہ کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ کیا کسی مسلمان کو اس کا حق حاصل ہے کہ وہ کوئی نیا عقیدہ اختیار کرلے؟ معزز عدالت کو صدیق اکبرؓ کی پہلی تقریر کا یہ فقرہ یاد ہوگا:

"لوگو! میں تو صرف پیروی کرنے والا ہوں نئی بات ایجاد کرنے والا نہیں ہوں"۔

اس اصول کی روشنی میں ایک مسلمان کو سوبار یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی عقیدے کے بارے میں پوری طرح یہ اطمینان کرلے کہ آیا یہ عقیدہ آنحضرت ﷺ اور صحابہ کرامؓ کے دور سے چلا آتا ہے؟ یا خیر القرون کے بعد کی پیداوار ہے؟ لیکن جب یہ اطمینان ہوجائے کہ فلاں عقیدہ خیر القرون سے متواتر چلا آتا ہے تو اس کے بعد کسی مسلمان کو اس پر اعتراض کرنے یا اس سے انحراف کرنے کا حق حاصل نہیں' جس شخص کو اسلام کے کسی متواتر عقیدے پر نکتہ چینی کا شوق ہو اس کا فرض ہے کہ مسلمانوں کی صف سے نکل کر غیر مسلموں کی صف میں کھڑا ہوجائے' اس کے بعد بصد شوق اسلام کے متواترات و مسلمات کو ہدف اعتراض بنائے ہمارے مدعا علیہ مرزا غلام احمد قادیانی کی یہ منطق ناقابل فہم ہے کہ وہ حیات عیسیٰؑ کے عقیدے کو تیرہ صدیوں سے متواتر بھی تسلیم کرتا ہے اور پھر اسے تبدیل کرکے ایک نیا نسخہ استعمال کرنے کا بھی مشورہ دیتا ہے' حالانکہ وہ یہ اصول تسلیم کرتا ہے کہ:

"حدیثوں کا وہ دوسرا حصہ جو تعامل کے سلسلہ میں آگیا اور کروڑ ہا مخلوقات ابتدا سے اس پر اپنے عملی طریق سے محافظ اور قائم چلی آئی ہے اس کو ظنی اور شکی کیوں کر کہا جائے؟ ایک دنیا کا مسلسل تعامل جو بیٹوں سے باپوں تک' اور باپوں سے دادوں تک' اور دادوں سے پڑدادوں تک بدیہی طور پر مشہور ہوگیا' اور اپنے اصل مبدا تک اس کے آثار اور انوار نظر آگئے اس میں تو ایک ذرہ گنجائش نہیں رہ سکتی' اور بغیر اس کے انسان کو کچھ نہیں بن پڑتا کہ ایسے مسلسل عمل در آمد کو اول درجے کے یقینیات میں سے یقین کرے' پھر جب کہ آئمہ حدیث نے اس سلسلہ تعامل کے ساتھ ایک اور سلسلہ قائم کیا' اور امور تعاملی کا اسناد راستگو اور متدین راویوں کے ذریعہ آنحضرت ﷺ تک پہنچادیا تو پھر بھی اس پر جرح کرنا درحقیقت ان لوگوں کا کام ہے جن کو بصیرت ایمانی اور عقل انسانی کا کچھ بھی حصہ نہیں ملا۔"

(شہادت القرآن ص ۸۔ روحانی خزائن ص ۳۰۴)

آپ مدعا علیہ کی زبان سے سن چکے ہیں کہ حضرت عیسیٰؑ کا آسمان پر زندہ ہونا اور پھر دوبارہ کسی وقت دنیا میں تشریف لانا امت اسلامیہ کا تیرہ سو سال سے متواتر عقیدہ رہا ہے۔ آنحضرت ﷺ کے متواتر ارشادات میں' جن کو تواتر کا اول درجہ حاصل ہے' یہی عقیدہ بیان ہوا ہے' اور خیر القرون میں یہ عقیدہ وہاں وہاں تک پہنچا ہوا تھا جہاں کہیں ایک مسلمان بھی آباد تھا۔ انصاف فرمایئے کہ اس سے بڑھ کر اس عقیدہ کی حقانیت کا اور کیا ثبوت پیش کیا جاسکتا ہے؟

اس کے بعد بھی جو شخص اس عقیدے پر زبان طعن دراز کرتا ہے' اسلام کی مسلسل اور متواتر تاریخ کی تکذیب کرتا ہے' اسلام کے متواترات و قطعیات کو' جن کی پشت پر تیرہ سو سالہ امت کا تعامل موجود ہے' جھٹلانے کی جرات کرتا ہے۔ انصاف کیجئے کہ کیا ایسا شخص مسلمان کہلانے کا مستحق ہے؟

باقی صفحہ ۱۵ پر

حیات و نزول مسیح علیہ السلام

مولانا مفتی غلام مرتضیٰ جامعہ اشرفیہ شاہ کوٹ اور مرزائی مبلغ چودھری خلیل کے مابین ضلع شیخوپورہ میں ایک اہم مناظرہ کی رپورٹ

مورخہ ۵ جون ۱۹۹۶ء بمطابق ۱۸ محرم الحرام ۱۴۱۷ھ بروز بدھ کو راقم الحروف ماسٹر محمد ظفر صاحب کی دعوت پر کڑیال چک نمبر ۱۷، بمعیت حکیم محمد شفیق صاحب حاضر ہوا مرزائی مبلغ چودھری خلیل بمع اپنے دو ساتھیوں کے آیا۔ آٹھ بجے مناظرہ کا آغاز کرتے ہوئے راقم الحروف نے کہا کہ قرآن مجید پارہ نمبر ۳ سورہ آل عمران آیت نمبر ۵۵ ہے اذ قال یٰعیسٰی انی متوفیک و رافعک الی ...الخ اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہودیوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو پکڑنے اور قتل کرنے کی خفیہ تدبیریں کیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کی حفاظت اور عصمت کی ایسی تدبیر فرمائی جو ان کے وہم و گمان سے بھی بالا اور برتر تھی وہ یہ کہ ایک شخص کو عیسیٰ علیہ السلام کا ہم شکل بنادیا اور عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھایا اور یہودی جب گھر میں داخل ہوئے تو اس ہم شکل کو پکڑ کر لے گئے اور عیسیٰ سمجھ کر اس کو قتل اور سولی پر چڑھادیا اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کو تسلی دینے کے لئے فرمایا اے عیسیٰ علیہ السلام تم گھبراؤ نہیں میں تم کو تمہارے ان دشمنوں سے بلکہ اس جہاں سے ہی پورا پورا لے لوں گا اور آسمان پر اٹھاؤں گا اور تجھ کو ان ناپاک لوگوں سے نکال کر صاف جگہ پہنچادوں گا اور تیرے پیروؤں کو تیرے انکار کرنے والوں پر قیامت تک غالب رکھوں گا۔

اس پر مرزائی چودھری خلیل نے کہا کہ مفتی صاحب نے اس تقریر میں دو غلطیاں کیں ہیں

نمبر ۱۔۔۔ لفظ متوفیک کا معنی ہے میں تجھ کو وفات دینے والا ہوں لیکن مفتی صاحب نے اس کا معنی کیا پورا پورا لینے والا ہوں۔

نمبر ۲۔۔۔ میں تجھ کو آسمان پر اٹھانے والا ہوں یہ لفظ قرآن مجید میں نہیں ہے اس پر کوئی دلیل نہیں دی "بلکہ صرف یہ کہا کہ بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی طرف اٹھالیا۔"

مفتی صاحب نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ لفظ توفی کا معنی پورا پورا لینا قرآن مجید کی متعدد آیات میں بیان کیا گیا ہے۔

۱۔ پ ا س بقرہ آیت ۴۰' اوفوا بعھدی اوف بعھدکم ترجمہ' تم میرا عہد پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا۔

۲۔ انما توفون اجورکم یوم القیمۃ پ ۴' آل عمران آیت ۱۸۵ اور تم کو پورے بدلے ملیں گے قیامت کے دن۔

۳۔ یوفون بالنذر پ ۲۹ س الدھر آیت ۷ وہ منت کو پورے کرتے ہیں۔

کثیر آیات میں سے صرف میں نے تین آیات پیش کیں جیسے ان تین آیات میں باب افعال و تفعیل (ایفاء۔ توفیہ) بمعنی پورا لینے کے معنی میں استعمال ہوا اسی طرح اس آیت مذکورہ بالا میں باب تفعل (توفی) بھی بمعنی پورا لینا پورا وصول کرنا کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ اب میں دو آیات پیش کرتا ہو جس میں صراحتاً موجود ہے کہ توفی کا معنی موت بنتا ہی نہیں۔

○ حتی یتوفھن الموت ترجمۃ "یہاں تک کہ موت ان کی عمر کو تمام کردے۔" اس آیت مبارکہ میں توفی کا موت معنی صحیح نہیں وجہ اس کی یہ ہے کہ یتوفی فعل مضارع کا صیغہ ہے اور موت اس کا فاعل ہے فعل و فاعل ایک نہیں ہوسکتے کیونکہ فاعل سے فعل صادر ہوتا ہے بلکہ توفی کا معنی اتمام عمر اور اکمل عمر ہے یعنی اس آیت کا معنی اور مفہوم یہ ہوگا کہ موت ان کی عمر کو مکمل کردے۔

○ اللہ یتوفی الانفس حین موتھا والتی لم تمت فی منامھا۔ پارہ ۲۴' سورۃ زمر' آیت ۴۲' اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ توفی بعینہ موت کا نام نہیں بلکہ توفی موت کے علاوہ کوئی اور شئی ہے کہ جو کبھی موت کے ساتھ جمع ہوتی ہے اور کبھی نیند کے ساتھ اور خاص کر موت کی نفی (یعنی لم تمت) کے الفاظ پر بھی توفی کا اطلاق واضح طور پر ثابت کرتا ہے کہ توفی اور موت دو الگ الگ چیزیں ہیں اگر بقول مرزائیوں کے توفی عین موت ہوتی تو پھر اللہ تعالیٰ لم تمت لفظوں کے ساتھ اس کو جمع نہ فرماتے۔

اب میں چودھری خلیل صاحب کے دوسرے سوال کی طرف متوجہ ہوتا ہوں کہ آسمان پر اٹھایا الخ تو اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ علامہ ابن کثیر نے ابن عباسؓ سے صحیح سند کے ساتھ اپنی تفسیر ابن کثیر جلد ۱ صفحہ ۵۷۴ میں ان الفاظ سے نقل کیا عن ابن عباسؓ قال لما اراد اللہ ان یرفع عیسٰی علیہ السلام الی السمآء ...الخ یعنی جب اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان کی طرف اٹھانے کا ارادہ فرمایا تو ان حواریوں میں سے ایک پر عیسیٰ علیہ السلام کی شبیہ ڈالی اور گھر کے روشندان سے آسمان کی طرف آپ کو اٹھایا (و رفع عیسٰی علیہ السلام من روزنۃ فی البیت الی السمآء) دیکھو صراحتاً "آسمان" کا لفظ اس حدیث میں موجود ہے اور اس کی سند میں لکھا

ہے وھذا اسناد صحیح الی ابن عباس یعنی آسمان پر عیسیٰ علیہ السلام کو اٹھایا اور اس کی سند بھی صحیح ہے منقطع نہیں ہے۔ اسی طرح حدیث کی دو کتابوں میں صحیح سند کے ساتھ آسمان کا لفظ موجود ہے۔

○ کنزالعمال ص ۲۶۸ ج ۷ میں ہے کہ وعن ابن عباسؓ فی حدیث طویل قال قال رسول اللہ ﷺ فعند ذلک ینزل عیسیٰ بن مریم من السماء ترجمہ ابن عباسؓ ایک طویل حدیث میں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ پس اس وقت عیسیٰ ابن مریم آسمان سے نازل ہوں گے۔

○ امام البیہقی کتاب الاسماء والصفات صفحہ نمبر ۳۰۱ عن نافع مولیٰ ابن قتادہ الانصاری قال ان اباھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ کیف انتم اذا نزل ابن مریم من السماء فیکم ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ کیا حال ہوگا جب عیسیٰ ابن مریم آسمان سے نازل ہوں گے اور تمہارا امام تم میں سے ہوگا۔

○ اب ان دونوں صحیح احادیث میں خط کشیدہ الفاظ کو غور سے دیکھیں کہ صراحتاً حدیث میں من السماء کا لفظ موجود ہے اور پھر چودھری خلیل صاحب! مرزا کی پیدائش ۱۸۴۰ء میں ہوئی کامل ساٹھ سال تک یعنی ۱۹۰۰ء تک مرزا صاحب کا وہی عقیدہ تھا جو اہل اسلام کا ہے دیکھو میرے پاس انجام آتھم صفحہ ۱۴۳ کی عبارت یہ ہے کہ میرا اعتقاد یہ ہے کہ میرا کوئی دین بجز اسلام کے نہیں اور میں کوئی کتاب بجز قرآن کے نہیں رکھتا اور میرا کوئی پیغمبر بجز محمد مصطفیٰ ﷺ کے نہیں جس پر خدا نے بے شمار رحمتیں اور برکتیں نازل کی ہیں اور اس کے دشمنوں پر لعنت بھیجی ہے گواہ رہو کہ میرا تمسک قرآن شریف ہے اور رسول اللہ ﷺ کی حدیث کہ جو چشمہ حق و معرفت ہے میں پیروی کرتا ہوں اور تمام باتوں کو قبول کرتا ہوں جو کہ اس خیر القرون باجماع صحابہ صحیح قرار پائی ہیں نہ ان پر کوئی زیادتی کرتا ہوں اور نہ ان میں کوئی کمی اور اسی اعتقاد پر میں زندہ رہوں گا اور اسی پر خاتمہ اور انجام ہوگا اور جو شخص ذرہ بھر بھی شریعت محمدیہ میں کمی بیشی کرے یا کسی اجماعی عقیدے کا انکار کرے اس پر خدا اور فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہو۔"

چودھری خلیل صاحب یہ آپ کے مرزا کی اصل کتاب انجام آتھم کی عبارت ہے جس سے معلوم ہوا کہ ساٹھ سال تک مرزا کا وہی عقیدہ تھا جو اہل اسلام کا تھا اس کے بعد مرزا نے اپنے عقیدہ کو بدل کر وفات عیسیٰ علیہ السلام کا عقیدہ من گھڑت بنایا۔

اس پر چودھری خلیل کہنے لگا کہ عیسیٰ علیہ السلام کی حیات اور آسمان پر زندہ اٹھائے جانے کا عقیدہ اجماعی نہیں۔

راقم نے کہا کہ آپ کی یہ بات غلط ہے، بلکہ آنحضرت ﷺ سے لے کر مجدد الف ثانی اور شاہ ولی اللہ دہلوی تک تمام امت کا اجماعی اور متفق علیہ یہ عقیدہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو روح مع الجسد زندہ آسمان پر اٹھالیا گیا چنانچہ علامہ سفارینی اپنی کتاب لوامع الانوار البہیہ صفحہ ۹۴ جلد ۲ میں لکھتے ہیں

اما الاجماع فقد اجتمعت الامۃ علی نزول عیسیٰ ابن مریم ولم یخالف فیہ احد من اھل الشریعۃ

ترجمہ: رہا اجماع تو امت مسلمہ کا اس پر اتفاق ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے اور جو لوگ شریعت محمدیہ پر ایمان رکھتے ہیں ان میں سے کسی ایک نے بھی اس کے خلاف نہیں کہا۔

ان کا آسمان سے اترنے کا انکار صرف فلاسفہ اور بددینوں نے کیا جن کی مخالفت کا کوئی اعتبار نہیں اور امت کا اجماع منعقد ہوچکا ہے کہ وہ نازل ہو کر شریعت کے مطابق فیصلے کریں گے اگرچہ آسمان سے نازل ہونے کے بعد نبوت ان کے ساتھ قائم ہوگی اور وہ نبوت کے ساتھ متصف ہوں گے اور پھر مجمع البحار کی عبارت بھی توجہ سے سنیں گے۔ مجمع البحار میں شیخ محمد طاہر مادہ حکم کے تحت لکھتے ہیں

وفیہ وینزل عیسیٰ حکما ای حاکما بھذا الشریعۃ لا نبیا والاکثر ان عیسیٰ علیہ السلام لم یمت وقال مالک مات وھو ابن ثلاث و ثلاثین سنۃ و لعلہ اراد رفعہ الی السماء او حقیقتہ ویجیٔ آخر الزمان لتواتر خبر النزول

ترجمہ: حدیث میں ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام حکم کی حیثیت سے نازل ہوں گے یعنی اس شریعت مطہرہ کے مطابق فیصلہ کرنے والے حاکم کی حیثیت سے نہ کہ مستقل نبی کی حیثیت سے اور اکثر یعنی جمہور اہل اسلام اس پر ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام فوت نہیں ہوئے اور امام مالکؒ نے فرمایا کہ وہ ۳۳ سال کی عمر میں فوت ہوئے غالباً امام مالکؒ کی مراد موت سے ان کا رفع آسمانی ہے یا حقیقتاً فوت ہونا مراد ہے بہرحال عیسیٰ علیہ السلام آخری زمانے میں دوبارہ آئیں گے کیونکہ ان کے نزول کی خبر متواتر ہے۔

اس حوالہ پر چودھری خلیل نے کہا کہ مفتی صاحب مجمع البحار کی عبارت پڑھ کر بتلایا کہ حیات عیسیٰ علیہ السلام پر اجماع نہیں ورنہ امام مالکؒ کیوں اختلاف فرماتے۔

احقر راقم الحروف نے کہا کہ چودھری خلیل نے میری عبارت مجمع البحار سے دھوکہ دینے کی کوشش کی مجمع البحار کی آدھی عبارت لکھنا اور بقیہ عبارت نہ لکھنا بددیانتی ہے اصل میں شیخ طاہرؒ مجمع البحار میں کہنا یہ چاہتے کہ کہ امام مالکؒ عیسیٰ علیہ السلام پر لفظ مات کا اطلاق کرتے ہیں لیکن ان کی مراد یہ ہے کہ ان کے فوت ہونے سے مراد ان

باقی صہ ۲۶ پر

برطانیہ کی اعلیٰ تعلیم یافتہ خواتین میں اسلام کی مقبولیت

برطانوی بالخصوص انگریز عورتوں میں تیزی سے پھیلتے ہوئے دین اسلام کے اثرات نے مغربی ممالک کو ورطہ حیرت میں مبتلا کر دیا ہے۔ خصوصاً عیسائی عورتوں کی تنظیمیں اور چرچ اس معاملہ میں عورت کو اپنے دین کے اختیار میں آزاد تصور کرنے کے باوجود اس معاملے کو تشویش کی نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں چنانچہ تازہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ دس سال عرصے میں برطانیہ کے دس ہزار عیسائیوں نے اسلام قبول کرنے کا اعلان کیا جن میں اعلیٰ تعلیم یافتہ خواتین کی اکثریت شامل ہے۔ لندن کے مشہور ہائیڈ پارک میں اسلام کے موضوع پر ایک تقریر سننے کے بعد دائرہ اسلام میں داخل ہونے والی ایک انگریز خاتون جنہوں نے اپنا اسلامی نام بشریٰ پسند کیا ہے کہتی ہیں کہ میں نے سوچا بھی نہیں تھا کہ میں مسلمان بن جاؤں گی۔ میں ہمیشہ کہتی کہ میں پیدائشی طور پر کیتھولک عیسائی ہوں اور میری موت بھی عیسائیت پر ہوگی اور کہتی کہ اللہ کا شاید یہی منشا ہے۔ مگر اب میں نے وہ لباس اتار پھینکا ہے جو میرے والد نے عیسائیت کی شکل میں مجھے پہنایا تھا۔ حالانکہ اس کے اتارنے میں میری راہ میں بہت رکاوٹیں حائل تھیں اور اب میں نے اسلامی لباس زیب تن کر لیا ہے تاکہ اپنے رب کی عبادت پوری آزادی، اطمینان اور ایسے سکون قلب سے کر سکوں کہ جس سکون کا تصور بھی محال تھا اور یہ سکون ایمان کی شکل میں مجھے مل چکا ہے۔ دائرہ اسلام میں داخل ہونے کے بعد اپنے احساسات کا اظہار کرتے ہوئے بشریٰ کہتی ہیں کہ اسلام ایک واضح دین ہے جس میں کسی بھی قسم کا ابہام یا غموض نہیں۔ اسلامی معاشرے کا ہر فرد اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو پہچانتا ہے اور معاشرے میں تقویٰ کی بنیاد پر اپنے مقام و مرتبہ کا از خود تعین کر سکتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم) عورت کے باب میں اسلام کے نقطہ نظر پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام ایک واضح طریقہ زندگی میں حائل ہر رکاوٹ کو دور کرتا چلا جاتا ہے۔ اسلام نے جہاں جنسی تعلقات کو ازدواجی دائرے میں محدود کیا ہے وہیں عورت و مرد کے درمیان آزادانہ اختلاط پر بھی پابندی لگا دی ہے۔ اسلام نے تو ازدواجی تعلقات کو تقدس فراہم کیا ہے اور اس کو معاشرے کی تعمیر میں بنیادی کردار عطا کیا ہے۔

بشریٰ اور ان جیسی کئی تعلیم یافتہ خواتین کے دائرہ اسلام میں داخل ہونے کی خبروں پر تبصرہ کرتے ہوئے ویلز یونیورسٹی کے پروفیسر کہتے ہیں کہ برطانوی چرچ میں بڑھتی ہوئی لادینیت کی وجہ سے یہاں کی عوام عیسائیت سے متنفر ہوتی جا رہی ہے۔ ان میں سے بعض اسلام کے گوشے میں اس سوئی ہوئی روحانیت کو پالیتے ہیں جس کی انہیں مدتوں سے تلاش تھی۔

مکتوبات حضرت شیخ التفسیرؒ

مرتب	:	پروفیسر احمد عبدالرحمان صدیقی
صفحات	:	۱۹۲ مجلد عمدہ دیدہ زیب سرورق
قیمت	:	۷۵ روپے
ناشر	:	مکتبہ حکمت اسلامیہ نوشہرہ صدر (پشاور)

اکابر علماء کرام اور اولیاء اللہ مکتوبات کے ذریعہ بھی علم و معرفت کے دریا بہاتے رہے مخلوق خدا کی تربیت روحانی اور تعلیم حقانی میں مراسلت کے انداز تبلیغ نے بارہا انفرادی و معاشرتی انقلابات کی راہ ہموار کی۔ برصغیر میں مجدد الف ثانی قدس سرہ نے اپنے مکتوبات کے ذریعہ سرہند میں بیٹھ کر اکبر کے دین الٰہی کو جڑ بنیاد سے اکھاڑ پھینکنے کا کارنامہ انجام دیا۔ شاہ ولی اللہ محدث نے مغلیہ سلطنت کی گرتی ہوئی دیواروں کو سہارا دینے کے لئے احمد شاہ ابدالی کو مرہٹوں کی قوت کچلنے کے لئے دعوت دی تھی۔ شیخ الہند محمود حسنؒ کی ریشمی رومال کی تحریک سے ایک زمانہ آشنا ہے۔ مکتوبات شیخ الاسلام مدنیؒ علم و معرفت اور سیاست و معاشرت کے اصول و فروع کی تعلیم کا گنجینہ بے بہا ہے۔ حکیم الامت حضرت تھانویؒ کی تربیت کا بنیادی طریقہ ہی مراسلت پر جاری تھا تربیت السالک اسی طریق تربیت کا انتخاب ہے۔ اور متوسلین میں سے بہت سے حضرات نے اپنے ساتھ ہونے والی خط و کتابت کے مجموعے مرتب کئے ہیں حضرت مفتی اعظم پاکستان کے ذکر میں مکاتیب حکیم الامت بڑی تعداد میں ضخیم کتابی صورت میں قلمی موجود ہے۔ اور کئی ایک بزرگوں کے مکاتیب کے مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ مکتوبات اپنے دور کے معاشرتی و انفرادی رجحانات کی سادہ و فطری انداز میں تاریخ ہوتی ہے۔

حضرت مولانا احمد علی لاہوری قدس سرہ کی ذات گرامی ان نفوس قدسیہ میں سے تھی جو امت کی ہر شعبہ زندگی میں دینی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔ ۱۹۱۲ء سے ۱۹۶۲ء تک پورے پچاس سال علمی، تبلیغی، تربیتی اور سیاسی جدوجہد کا مثالی کردار جو بظاہر انجمن خدام الدین اور شیرانوالہ گیٹ کی ایک خانقاہ میں بیٹھ کر ادا کیا اس سے واقفؒ ایسے "خدام" کی جماعت تیار ہوئی جو دین کی ہمہ جہت خدمت پر مامور ہوئی۔ دینی مدارس، خانقاہیں، تحریک ختم نبوت و احیائے اسلام پاکستان میں نظام اسلام کا قیام ہر شعبہ میں حضرت لاہوری کی جدوجہد کے نقوش موجود ہیں اور زیر نظر مکتوبات کا مجموعہ ان نقوش کو نمایاں طور پر اجاگر کرتا ہے۔

پاکستان کے دینی مستقبل کی فکر سفر و حضر میں آپ کو کس قدر بے چین کئے رکھتی تھی مکتوبات کے مطالعہ سے اس کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ زیر نظر مجموعہ چند خطوط کے سوا قیام پاکستان کے بعد لکھے گئے مکتوبات پر مشتمل ہے۔ حضرت لاہوریؒ کے متوسلین کا حلقہ تو کافی وسیع ہے اگر اس طرف توجہ کریں اور جس کے پاس بھی حضرت کے مکتوبات ہوں ارسال کر دیں تو مکتوب کا مجموعہ ضخیم ہو سکتا ہے بہرحال موجودہ صورت میں بھی کتاب نہایت مفید ہے اور ہر لائبریری میں ہونی چاہئے۔

اخبارِ ختم نبوت

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بھکر کے اجلاس سے حافظ محمد احمد صدیقی کا خطاب

بھکر (نمائندہ ختم نبوت) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بھکر کا ایک بھرپور اجلاس مولانا قاری محمد اعظم کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں قادیانیوں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور قادیانیوں کی سرگرمیوں کی روک تھام کے لئے متعدد فیصلے کئے گئے۔

اجلاس سے حافظ محمد احمد صدیقی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن و سنت کی روشنی میں پوری امت محمدیہ ﷺ کا اس بات پر اتفاق و اتحاد اور اجماع ہے کہ آنحضرت ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری پیغمبر ﷺ ہیں آپ ﷺ کی ذات اقدس پر ہر قسم کی نبوت و رسالت ختم ہو چکی ہے آپ ﷺ بلا استثنا آخری رسول ہیں آپ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول پیدا نہیں ہوگا۔

انہوں نے کہا حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ ﷺ سے پہلے پیدا ہو کر منصب نبوت پر فائز ہو چکے ہیں ان کا آخری زمانہ میں قرب قیامت تشریف لانا عقیدہ ختم نبوت کے قطعاً" منافی نہیں اور رحمت دو عالم ﷺ نے واضح ارشاد فرمایا ہے کہ عیسیٰ ابن مریم جو زندہ آسمانوں پر اٹھالئے گئے ہیں وہ قیامت سے قبل ضرور دنیا میں تشریف لائیں گے۔ یہ بات قرآن و سنت اور اجماع امت سے قطعی دلائل کے ساتھ ثابت ہے اور کسی مسلمان کے لئے اس سے آنکھ چرانے اور کسی تاویل و تحریف کی گنجائش نہیں ہے۔

انہوں نے کہا فتنہ مرزائیت کے بانی 'آنجہانی' مرزا قادیانی نے مسلمانوں کے ان قطعی اور اجماعی عقائد کے خلاف انگریز سامراج کے مفاد کے لئے اپنی کفریہ زبان سے زہر اگلنا شروع کیا اور قادیان کے بناسپتی نبی نے عوام کو جہالت مغربی تعلیم سے متاثر اور دینی تعلیم سے بے گانہ افراد کی ناواقفیت سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے سادہ لوح مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈال کر ان کو دولت ایمان سے محروم کر کے قادیانیت کے کفریہ جال میں پھنسایا۔

انہوں نے کہا کہ فتنہ قادیانیت نے جتنا صدمہ عالم اسلام کو پہنچایا ہے تاریخ میں اس کی نظیر ملنی مشکل ہے۔ مرزا قادیانی اور اس کی امت نے مسلمانوں کے لباس میں بدترین کفر و ارتداد کی تبلیغ کر کے ہزاروں مسلمانوں کو کافر بنایا۔ انہوں نے کہا آج یہ فتنہ قانونی پابندیوں کے باوجود اہل اسلام کے لئے ایک چیلنج بنتا جارہا ہے۔

○

محمد علی درانی

آستین کا سانپ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی راہنما مولانا اللہ وسایا' مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی' حاجی عبدالحمید رحمانی اور بشیر شوکت علی نے نام نہاد تنظیم پاسبان کے چیئرمین محمد علی درانی کی طرف سے قانون توہین رسالت ﷺ کو ختم کرنے' دوہرے ووٹ کا حق دینے' اور مسیحی تعلیمی ادارے واپس کرنے کے مطالبہ پر شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں کی صفوں میں گھسے ہوئے آستین کے سانپوں کا اصل چہرہ بے نقاب ہو گیا ہے' انہوں نے کہا کہ یہ لوگ سیاست میں ناکامی کے بعد اب چور دروازے سے شہرت اور پیسہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی مجلس عنقریب محمد علی درانی اور پاسبان کے بارے میں وائٹ پیپر شائع کرے گی۔ جس میں ان کے خلاف اسلام بیانات اور اس کے نتیجہ میں حاصل ہونے والی مراعات کا تفصیلی ذکر ہوگا۔ علاوہ ازیں مجلس نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ محمد علی درانی جس جلسے یا جلوس میں شرکت کریں گے' مجلس تحفظ ختم نبوت کے کارکنان ان کے خلاف احتجاج کریں گے۔ انہیں اپنے بیانات سے دستبردار ہونے اور عوام سے معافی مانگنے پر مجبور کیا جائے گا۔

مولانا ابوطلحہ راشد مدنی حمادی کا حیدر آباد' نوکوٹ' نفیس نگر' جھڈو اور میرپور خاص کا دورہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ٹنڈو آدم کے مبلغ مولانا ابو طلحہ مدنی نے جمعرات جمعہ اور ہفتہ کو حیدر آباد اور نوکوٹ' نفیس نگر' جھڈو میرپور خاص اور ٹنڈو الہ یار کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق مولانا مدنی نے حیدر آباد جنرل پوسٹ آفس میں ہونے والی سیرت النبی کانفرنس میں خطاب کیا اور کہا کہ حضور ﷺ کی سیرت کا سب سے عظیم پہلو یہ ہے کہ آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے ختم نبوت کا تاج و تخت عطا کیا لیکن اس وقت ہمارے ملک پاک میں ایک ایسا ٹولہ موجود ہے جو اس تاج و تخت ختم نبوت پر حملہ آور ہے میری مراد قادیانی ہیں جو منکرین ختم نبوت ہونے کے علاوہ بدترین گستاخ رسول ﷺ بھی ہیں مولانا نے اپنے خطاب کے بعد کانفرنس میں موجود افسران اور عوام میں عالمی مجلس کا لٹریچر تقسیم کیا۔

نوکوٹ : ۲۲ اگست جمعرات بعد نماز عشاء جامع مسجد نوکوٹ میں ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی کانفرنس سے مولانا بھٹو صاحب (نوکوٹ)' مولانا مجیب الرحمان لنڈ (ڈگری) نے خطاب کیا جناب حافظ محمد طاہر (ڈگری) صاحب نے نعتیں اور نظمیں پیش کیں۔

آخر میں مولانا ابو طلحہ مدنی نے خطاب کیا مولانا نے اپنے خطاب میں قادیانیت کے عقائد سے مسلمانوں کو آگاہ کیا اور حکومت کی اسلام دشمن سرگرمیوں خصوصاً" ناموس رسالت سے عدم توجہ اور گستاخان رسول کی پشت پناہی پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یوں محسوس ہوتا ہے کہ ملک پاکستان پر کسی ہندو' یہودی یا عیسائی کی حکومت ہے انہوں نے صدر اور فوج کے سربراہ اور چیف جسٹس آف پاکستان سے مطالبہ کیا کہ جنگ' ڈان بو نیفرا پیرگون پر توہین رسالت زیر دفعہ ۲۹۵ سی مقدمہ درج ہوئے ۶۔۷ سال ہو چکے ہیں اور مقدمہ زیر سماعت ہے لیکن تاحال کیس کو چلایا نہیں جارہا۔ گوجرانوالہ میں عیسائیوں نے توہین رسالت کی پھران کو سزا ہوئی ہائی کورٹ نے سزا ختم کردی پھر حکومت کی سرپرستی میں ان کو ملک سے فرار کروایا گیا۔ اخبار جہاں میں عید ایڈیشن شو کے عنوان سے چند صفحات چھپے جس میں ماڈل گرلز کے پیروں (پاؤں) پر اللہ اور رسول اللہ کے مقدس نام لکھے گئے اس پر مقدمہ درج ہوا سید عبداللہ شاہ وزیر اعلیٰ نے اپنے اثرورسوخ کو استعمال کرتے ہوئے اس مقدمہ کو ختم کروادیا۔ جوبلی ٹیکسٹائل طرنے قرآنی آیات والا کپڑا نکالا اس پر بھی مقدمہ کیا گیا لیکن حکومت نے اسلام دشمنی کا ثبوت دیتے ہوئے اس کیس کو بھی ختم کروادیا اب وہ مقدمہ سیشن جج سانگھڑ کے ہاں زیر سماعت ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ حکومت اس میں بھی مداخلت کرے گی۔

اسی طرح قادیانی اپنی تبلیغی سرگرمیوں میں مصروف ہیں جو آئین و قانون کی صریحاً" خلاف ورزی ہے مولانا نے صدر' وزیر اعظم اور چیف آف آرمی ملک کی تینوں اہم شخصیات سے مطالبہ کیا کہ مذکورہ بالا تمام واقعات کی تحقیقات کر کے مجرموں کو سخت سزائیں دلوائیں۔

نفیس نگر : نفیس نگر میں ختم نبوت کے مجاہد محترم خوشی محمد صاحب مرحوم کی وفات پر تعزیتی اجلاس میں خطاب کیا اور مرحوم کی تحفظ ختم نبوت کے سلسلے میں خدمات کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر اور اجر عطا فرمائے۔

جھڈو : ۲۳ اگست جمعہ کو نفیس نگر سے جھڈو کا سفر کیا اور جھڈو میں قاری محمد شریف صاحب کے مدرسہ کی مسجد میں اجتماع جمعہ سے مولانا مدنی نے خطاب کیا اور قادیانیوں کی سرگرمیوں سے مسلمانوں کو آگاہ کیا۔

میرپور خاص : عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مرکزی شوریٰ کے رکن حضرت مولانا فیض اللہ صاحب خطیب مدینہ مسجد سے مولانا ابو طلحہ نے ملاقات کی اور علاقہ کے حالات پر گفتگو کی۔

ٹنڈو الہ یار : جامعہ صدیق اکبر بکیرا روڈ ٹنڈو الہ یار کے ناظم حضرت مولانا محمد ارشد صاحب کے ہمراہ مولانا ابو طلحہ راشد مدنی نے ٹنڈو الہ یار کے نواحی گاؤں کا دورہ کیا جہاں کے بارے میں معلوم ہوا تھا کہ قادیانی ڈاکٹروں نے اپنی مذہبی تبلیغ شروع کررکھی ہے اور ایک غیر مسلم کو بھی قادیانی بنادیا ہے دونوں علماء نے اس کرشن نامی غیر مسلم نوجوان سے ملاقات کی اور قادیانیت کی حقیقت سے آگاہ کیا تو اس نے قادیانیت سے بیزاری کا اعلان کیا اور حلقہ بگوش اسلام ہوگیا۔ علاقے میں جماعتی لٹریچر بھی تقسیم کیا گیا واضح رہے کہ قادیانیوں نے کرشن نامی نوجوان کا نام کرشن احمد رکھا تھا۔ اس تمام دورے میں مولانا ابو طلحہ راشد مدنی کے ہمراہ ختم نبوت ٹنڈو آدم کے سرگرم مخلص ساتھی ڈاکٹر محمد خالد صاحب رفیق سفر رہے۔

مولانا عزیز الرحمان جالندھری اور مولانا احمد میاں حمادی کا دورہ کوئٹہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ناظم اعلیٰ مولانا عزیز الرحمان جالندھری اور عالمی مجلس صوبہ سندھ کے راہنما مولانا احمد میاں حمادی صاحب ۱۴؍اگست بروز بدھ کوئٹہ کے دو روزہ دورہ پر تشریف لائے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

کے مرکزی مبلغ مولانا محمد علی صدیقی، مولانا محمد منیر بن صوبائی امیر بلوچستان، ممبر شوریٰ مولانا عبدالواحد، مولانا انوار الحق حقانی، مولانا عبدالرحیم رحیمی، حاجی تاج الدین، فیروز چوہدری، محمد طفیل اخرار، جناب فیاض حسن سجاد، جناب خلیل الرحمان صاحب، حاجی نعمت اللہ خان، حاجی شاہ محمد آغا اور دیگر احباب نے استقبال کیا ۱۴ اگست ہی کی شام بعد نماز مغرب صوبائی امیر مولانا محمد منیر الدین کی صدارت میں عالمی مجلس کوئٹہ کا خصوصی اجلاس ہوا، مولانا قاری عبداللہ منیر نے تلاوت کلام پاک کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سندھ مجلس ختم نبوت کے راہنما مولانا احمد میاں حمادی نے فرمایا کہ مسئلہ ختم نبوت ایک متفق مسئلہ ہے جس میں کسی بھی مسلمان کا اختلاف نہیں نہ پہلے نہ آج جب بھی ختم نبوت کی حفاظت کی بات آئی تمام مسلمانوں نے اسے اتفاق سے حل کیا اور ختم نبوت کی حفاظت کی اس اتفاق کی برکت سے اللہ نے محافظین ختم نبوت کو فتح سے ہمکنار کیا اور منکرین ختم نبوت ناکام ہوئے، انکار ختم نبوت کا سلسلہ نبی کریم ﷺ کے دور سے چلا آرہا ہے جس میں اسود عنسی نے اپنی جھوٹی نبوت کا اعلان کیا لیکن نبی کریم ﷺ نے ایک مہاجر فیروز دیلمی کے اس کو قتل کروایا اور پھر سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے دور میں مسیلمہ کذاب نے اپنی جھوٹی نبوت کا پرچار شروع کیا تو آپ نے تمام صحابہ کرامؓ کے اتفاق سے اس مسئلہ ختم نبوت کی حفاظت کے لئے مسیلمہ کذاب سے جنگ کی اور اس فتنہ کا خاتمہ کیا اس جنگ میں سات سو سے زائد حافظ قرآن صحابہ کرامؓ بھی شہید ہوئے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کی خاطر یہ سب کچھ برداشت کیا گیا اس کے بعد جو بھی جھوٹا مدعی نبوت آیا اس کی سرکوبی امت محمدیہ نے اتفاق و اتحاد سے کی۔ انگریز کے دور میں مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنی جھوٹی نبوت کا اعلان کر دیا اس کو انگریز کا مکمل تحفظ حاصل تھا اس لئے اس پر قتل اور ارتداد کا حکم تو جاری نہ ہو سکا لیکن امت مسلمہ اس کے مقابلہ میں سینہ سپر ہوگی اور اتحاد و اتفاق سے اس فتنہ کے خلاف سرگرم عمل رہی آخر ۱۹۷۴ء میں پاکستان کی نیشنل اسمبلی نے اس کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا مولانا نے مزید فرمایا کہ یہ نہ سوچئے کہ مسئلہ حل ہوگیا جب تک اس فتنہ کا وجود باقی ہے اس کی سرکوبی جاری رہے گی

مولانا محمد علی صدیقی نے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ایک غیر سیاسی جماعت ہے اور اس کا مقصد صرف اور صرف عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت ہے

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ناظم اعلیٰ مولانا عزیز الرحمان جالندھری نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا جماعت کے بارے میں یوں خیال کریں کہ جب سے قادیانیت کا مقابلہ شروع ہوا اس وقت سے جماعت کی تشکیل ہوئی ہے مولانا نے فرمایا آج اس محفل میں ہم نے ایک عہد کرنا ہے اور وہ عہد یہ ہے کہ جس کام کو ہمارے اکابر نے بڑی سے بڑی قربانی دے کر کیا اور تمام تکلیفیں برداشت کیں لیکن اپنے موقف پر قائم رہے اور بڑے سے بڑے مصائب ان کے موقف کو ختم نہ کر سکے۔ ہم نے اس کام کی تکمیل کرنی ہے اور اپنے اکابر کے نقش قدم پر چلنا ہے

مولانا نے علماء کرام کی خدمت میں کہا کہ آپ لوگ عقیدہ ختم نبوت کے سلسلہ میں جدوجہد میں مجلس تحفظ ختم نبوت سے بھرپور تعاون کریں اجلاس میں جید علماء کرام مولانا محمد منیر الدین، مولانا عبدالواحد صاحب، مولانا انوار الحق حقانی، مولانا عبدالرحیم رحیمی، مولانا عبدالباقی، مولانا صاحبزادہ رشید احمد، قاری غلام غوث اربانوی، مولانا امیر حمزہ بادینی، مولانا حافظ حسین احمد سہروردی، مولانا عبدالحق بلوچ، مولانا عبدالغفور بلوچ، قاری محمد یوسف ہزاروی، حاجی خان زمان خان اچکزئی، حاجی تاج محمد سرور حاجی چوہدری محمد طفیل اخرار، خلیل الرحمان، حاجی نعمت اللہ خان تاجر و وکلاء حضرات اور کثیر تعداد میں علماء کرام نے شرکت کی آخر میں ختم نبوت کے مرکزی مبلغ جناب مولانا محمد علی صدیقی نے تمام علماء کرام کا شکریہ ادا کیا مولانا محمد منیر الدین کی دعا پر اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

○

بقیہ: مناظرہ کی رپورٹ

کا زمین کے عالم سے نکل کر آسمان کے عالم میں پہنچ جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ علامہ آلوسیؒ نے تفسیر روح المعانی صفحہ ۱۷۹ جلد ۳ میں لکھا ہے کہ

ان المراد بالوفاۃ ھنا النوم لانھما اخوان ویطلق کل منھما علی الاخر وقد روی عن الربیع ان اللہ تعالیٰ رفع عیسیٰ علیہ السلام الی السماء وھو نائم رفقا بہ

یعنی وفات سے مراد نیند (نوم) ہے اور موت و نوم دونوں بھائی بھائی ہیں ان میں سے ہر ایک کا اطلاق ایک دوسرے پر ہوتا ہے اور مفسر قرآن امام ربیعؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو حالت نوم میں آسمان پر اٹھالیا۔

بہرحال مقصد یہ ہے کہ امام مالکؒ بھی تمام امت مسلمہ کے ساتھ اس عقیدہ میں متفق ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام زندہ آسمان پر موجود ہیں اور قیامت کے قریب آسمان سے نازل ہوں گے اس پر چودھری خلیل نے کہا میں کیونکہ عالم نہیں ہوں اور نہ ہی میرے پاس کتب ہیں مفتی صاحب مجھے وقت دیں کہ میں ربوہ سے مربی مع کتب منگوا کر اس حیات مسیح علیہ السلام میں دوبارہ تبادلہ خیال کروں اور یہ بھی کہ مفتی صاحب کے مدلل دلائل قرآن و حدیث سے میں واقعی متاثر ہوا ہوں۔ انہی باتوں پر یہ بحث و مباحثہ مکمل ہوا۔

عالمی مجلس تحفظِ ختمِ نبوّت کی (۶) نئی مطبوعات

مکمل سیٹ منگوانے پر
خصوصی رعایت

تحریکِ ختمِ نبوّت ۱۹۷۴ء جلد سوم

۷۰۰ صفحات

تالیف : مولانا اللہ وسایا صاحب

○ ۲۹ مئی ۱۹۷۴ء آغاز تحریک سے تا ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء اختتام تحریک صمدانی کی مکمل تحقیقی رپورٹ ○ سانحہ ربوہ کی وجہ سے ملک گیر تحریک کی ہر شہر و قصبہ کی رپورٹیں ○ اہم شخصیات کے انٹرویوز ○ اخبارات و جرائد کی تمام خبریں، اداریے، رپورٹیں ○ تاریخی اشتہارات، نظمیں ○ کتاب کی مکمل اشاعت

کمپیوٹر کتابت، عمدہ طباعت، سفید کاغذ
چار رنگا سرورق مجلد قیمت ۲۰۰/-

قومی تاریخی دستاویز (اردو)

قومی اسمبلی میں قادیانی مقدمہ کی مکمل کارروائی

مرزا ناصر و صدرالدین۔ قادیانی و لاہوری دونوں گروہوں کے مرزائی سربراہوں پر ۱۹۷۴ء کی قومی اسمبلی میں ۱۳ دن جرح ہوئی جس کی مکمل تفصیلات (سوالاً و جواباً) اس میں شامل ہیں اس تحریر کو پڑھنے سے آپ کو محسوس ہوگا کہ براہ راست قومی اسمبلی کی کارروائی دیکھ رہے ہیں۔

کمپیوٹر کتابت، عمدہ طباعت، سفید کاغذ مجلد
چار رنگا ٹائیٹل لیمینیشن، صفحات ۳۰۰ سے زائد
قیمت /۱۵۰ روپے

قادیانی عقائد کا انسائیکلو پیڈیا

قادیانی مذہب کا علمی محاسبہ

جدید ایڈیشن

از :۔ پروفیسر محمد الیاس برنی۔ ایم۔ اے، ایل۔ ایل۔ بی

کمپیوٹر کتابت پہلی بار۔ نئے حوالہ جات۔ اغلاط سے مبرا، سفید کاغذ بہترین طباعت، مضبوط و عمدہ جلد، چار رنگا ٹائیٹل۔ ایک تاریخی علمی دستاویز جس میں قادیانی تحریک کے عقائد و عزائم، مکمل تاریخ، قادیانیوں مذہبی و سیاسی کلابازیوں کی مکمل تفصیلات جس نے قادیانی تحریک کے چہرہ سے پردہ چاک کر دیا۔ صفحات ۱۱۶۴

قیمت /۳۰۰ روپے

احتسابِ قادیانیت

ازقلم : مناظرِ اسلام مولانا لال حسین اختر

حضرت مناظرِ اسلام کے ردِ قادیانیت پر تمام رسائل کا مجموعہ

جدید حوالہ جات کا اضافہ۔ نئی کمپیوٹر کتابت
بہترین کاغذ۔ عمدہ طباعت، مضبوط جلد۔ رنگین ٹائیٹل۔

صفحات ۳۰۰ قیمت /۱۰۰ روپے

مرزا قادیانی کی مستند سوانح حیات

رئیسِ قادیان

مولانا ابوالقاسم رفیق دلاوری کے قلم سے

پہلی بار کمپیوٹر کتابت سے آراستہ و پیراستہ۔

مرزا غلام احمد قادیانی کا خاندان اور مرزاجی کی پیدائش سے وفات تک اچھوتی و عمدہ تاریخی حقائق پر مشتمل مکمل سوانح۔ مرزاجی کے قول و عمل سے مزین علمی و تاریخی دستاویز۔ عمدہ کاغذ بہترین طباعت، مضبوط جلد۔ چار رنگا ٹائیٹل۔ صفحات ۶۷۶
قیمت /۱۵۰ روپے

کاغذ و طباعت مثالی۔ بہترین کمپیوٹر کتابت

تحفۂ قادیانیت (جلد دوم)

تالیف

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی

مضبوط جلد۔ چار رنگا ٹائیٹل، صفحات ۳۰۰ سے زائد قیمت /۱۵۰

یہ جلد حضرت مصنف مدظلہ کے ۹ مقالات کا مجموعہ ہے۔ تاریخی، مذہبی، سیاسی مباحث پر مشتمل عمدہ علمی دستاویز ہے۔ درج ذیل عنوانات پر مقالات ہیں:
○ دارالعلوم دیوبند اور مسئلہ ختم نبوت ○ مسئلہ ختم نبوت اور مولانا نانوتویؒ ○ معرکہ قادیان و لاہور ○ ظلی نبوت کا تار عنکبوت ○ پیام اقبال اور فتنہ قادیانیت ○ مرزا طاہر کے حرمنی کے چیلنج کا جواب ○ ربوہ سے تل ابیب تک ○ ربوہ سے تل ابیب تک کے جواب کا جواب الجواب ○ مرزا قادیانی کے وجوہ ارتداد (سپریم کورٹ جنوبی افریقہ میں تحریری بیان) —— فتنہ قادیانیت کو سمجھنے کے لئے بہترین کتاب۔

دفتر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظِ ختمِ نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

مکمل سیٹ پر چالیس فیصد رعایت
وی پی نہ ہوگی و پوری رقم کا پیشگی آنا ضروری ہے

تاجدارِ ختمِ نبوت زندہ باد

فرما گئے یہ ہادی ﷺ لانبی بعدی

ختمِ نبوّت کانفرنس

پندرھویں سالانہ

دو روزہ

بتاریخ ۳-۴ اکتوبر ۱۹۹۶ء بروز جمعرات، جمعۃ المبارک
مطابق ۱۹-۲۰ جمادی الاول ۱۴۱۷ھ

مسلم کالونی ربوہ صدیق آباد

مخدوم المشائخ حضرت مولانا
خان محمّد صاحب مدظلہٗ

امیر

عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوت پاکستان

علماء، مشائخ
سیاسی قائدین
دانشور اور وکلاء
خطاب فرمائیں گے

کانفرنس میں بعد عصر تا مغرب فتنۂ قادیانیت کے متعلق سوال و جواب کی محفل منعقد ہوگی جس میں ہر شخص کو تحریری سوال کرنے کی اجازت ہوگی حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی صاحب جواب دیں گے۔

عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوّت پاکستان

فون ملتان
۵۸۳۴۸۶
۵۱۴۱۲۲
کراچی ۷۷۸۰۳۴۰